# اشتہار برائے اخبارات

## پنجاب ایجوکیشنل انڈومنٹ فنڈ (PEEF)

### خیبر پختونخوا کے ہونہار و مستحق طلباء وطالبات کے لئے سکالرشپ پروگرام برائے سال 2025-2026

پنجاب ایجوکیشنل انڈومنٹ فنڈ (پیف) نے خیبر پختونخوا کے ہونہار و مستحق طلباء وطالبات کے لئے تعلیمی سکالرشپ مختص کی ہیں۔ ان سکالرشپ کے لئے خیبر پختونخوا کے ڈومیسائل رکھنے والے ذہین اور مستحق طلباء طالبات سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

ایسے طلباء طالبات جنہوں نے میٹرک یا انٹرمیڈیٹ کا سالانہ امتحان 2025 خیبر پختونخوا کے سرکاری تعلیمی اداروں سے مستقل بنیادوں پر پاس کیا ہو اور مندرجہ ذیل شرائط پر پورا اُترتے ہوں، درخواستیں دینے کے لئے اہل ہیں:

1۔ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن خیبر پختونخوا کے زیر اہتمام منعقدہ سالانہ امتحان برائے میٹرک یا انٹرمیڈیٹ 2025 میں کم از کم 60 فیصد نمبر حاصل کئے ہوں۔

2۔ درج بالا امتحان سرکاری تعلیمی ادارے سے باضابطہ طور پر پاس کیا ہو۔

3۔ خیبر پختونخوا کے ڈومیسائل کے حامل طلباء وطالبات ہوں۔

4۔ تعلیمی سال (2025-2026) میں کسی بھی سرکاری تعلیمی ادارے میں داخل ہو۔

5۔ موجودہ تعلیمی سال میں پہلے سے کوئی وظیفہ حاصل نہ کر رہے ہوں۔

6۔ والدین کی کل ماہانہ آمدن 60 ہزار روپے سے زیادہ نہ ہو۔

- گریڈ 1-4 کے سرکاری ملازمین کے بچے 60 ہزار روپے ماہانہ آمدن (اگر آمدن کا ذریعہ صرف تنخواہ ہے)، کی شرط سے مستثنیٰ ہیں۔
- دہشتگردانہ حملوں میں شہید ہونے والے سویلین کے بچے ماہانہ آمدن کی شرط سے مستثنیٰ ہیں۔

7۔ علاوہ ازیں سپیشل کوٹہ سکالرشپ کے لئے طلباء وطالبات مندرجہ ذیل کسی بھی کیٹیگری سے تعلق رکھتے ہوں اور مندرجہ بالا شرائط پر بھی پورا اُترتے ہوں، سپیشل کوٹہ سکالرشپ کے لئے درخواست دینے کے اہل ہیں۔

i۔ یتیم طلباء (وہ طلباء وطالبات جن کے والد وفات پا چکے ہوں)

ii۔ گریڈ 1-4 کے سرکاری ملازمین کے بچے؛

iii۔ اقلیتی مذاہب سے تعلق رکھنے والے طلباء طالبات؛

iv۔ سپیشل (معذور) طلباء طالبات؛

v۔ دہشتگردانہ حملوں میں شہید ہونے والے سویلین کے بچے؛

vi۔ طلاق یافتہ خواتین کے بچے؛

**نوٹ:۔**

ہر لحاظ سے مکمل شدہ درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ **12 دسمبر 2025** ہے۔

درخواست صرف مطلوبہ درخواست فارم پر قابل قبول ہوگی۔ درخواست فارم اور مزید معلومات مندرجہ ذیل ویب سائٹس سے حاصل کی جاسکتی ہے:

https://www.peef.org.pk/ یا https://sites.google.com/view/khyberpakhtunkhwa

ہر لحاظ سے مکمل شدہ اور تصدیق شدہ درخواستیں سیکشن آفیسر (اٹانومس باڈیز)، ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ حکومت خیبر پختونخوا، سول سیکرٹریٹ، پشاور کو ارسال کریں۔

مقررہ تاریخ کے بعد وصول ہونے والی درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔

**المشتہر**

سیکشن آفیسر (اٹانومس باڈیز) ہائیر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ خیبر پختونخوا، پشاور

091-9213501

INF(P)4768/25

Zero Tolerance to Corruption